NHS
Staffordshire and
Stoke-on-Trent
Integrated Care Board

# گورڈون اسٹریٹ سرجری

# اکثر پوچھے گئے سوالات

**اپ ڈیٹ شدہ: 24 مئی 2024**

**اگر آپ کو یہ دستاویز مختلف زبانوں سمیت دیگر فارمیٹس میں بھی درکار ہے، تو براہ کرم ssotics.comms@staffsstoke.icb.nhs.uk پر رابطہ کریں**

**کیا گورڈون اسٹریٹ سرجری بند ہونے جا رہا ہے؟**
جی نہیں، گورڈون اسٹریٹ سرجری بند نہیں ہونے جا رہا البتہ ایک نیا فراہم کنندہ خدمات فراہم کر رہا ہے اور مقام تبدیل ہو گیا ہے۔

**نیا فراہم کنندہ کون ہے؟**
گورڈون اسٹریٹ سرجری کے لیے GP خدمات اب ایسٹ سٹیفورڈ شائر بنیادی نگہداشت کی شراکت داری فراہم کر رہا ہے، جو ایسٹ سٹیفورڈ شائر میں پہلے سے ہی GP پریکٹسس کے لیے اعلیٰ معیاری خدمات فراہم کرتا ہے۔ یہ 12 مہینوں کے لیے پریکٹس کریں گے، جبکہ مربوط نگہداشت بورڈ (ICB) طویل مدتی حل کی تلاش میں ہے۔

**گورڈون اسٹریٹ سرجری کا مقام کیوں تبدیل ہوا ہے؟**
گورڈون اسٹریٹ پر پچھلی عمارت نجی ملکیت میں ہے - NHS کی ملکیت نہیں۔ ہم وہاں کی عمارت کا استعمال جاری رکھنے کے خواہاں تھے، لیکن ایسا ممکن نہیں تھا۔ اس کا مطلب تھا کہ ہمیں مختصر نوٹس پر نیا مقام تلاش کرنے کی ضرورت تھی۔

**کیا پریکٹس کُھلنے کے عمومی اوقات وہی رہیں گے؟**
جی ہاں، کُھلنے کے اوقات میں کوئی تبدیلیاں نہیں کی جائیں گی اور پریکٹس پیر سے جمعہ صبح 8 بجے سے شام 6.30 بجے تک کُھلے گی۔

**میں پریکٹس سے کیسے رابطہ کر سکتا/سکتی ہوں؟**
براہ کرم پریکٹس سے اسی طرح رابطہ کریں جیسے آپ عام طور پر 01283 563175 پر کال کر کے کرتے ہیں۔ تمام مریضوں کے لیے فون لائنز صبح 8 بجے سے شام 6.30 بجے تک کُھلی ہوتی ہیں، پیر سے جمعے تک (بینک کی چھٹیوں کے علاوہ)۔

**کیا میری اپائنٹمنٹ GP کے ساتھ ہو گی؟**
اگر کسی مریض کو اپائنٹمنٹ کی ضرورت ہوتی ہے، تو انہیں اپنی ضرورت پوری کرنے کے لیے موزوں پیشہ ورانہ ماہر کے ساتھ اپائنٹمنٹ کی پیش کش کی جائے گی۔ یہ ایک GP ہو سکتا ہے، یا یہ کوئی اور اہل اور پیشہ ورانہ ماہرین بھی ہو سکتے ہیں۔ یہ اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرتا ہے کہ پہلی ہی بار میں درست شخص مریضوں کا معائنہ کرے، اور ان مریضوں کے لیے GP سے معائنے کا عمل ممکن بناتا ہے کہ جنہیں اس کی ضرورت ہوتی ہے۔

**کیا یہ سچ ہے کہ پریکٹس NHS 111 سروس کی طرح کام کرے گی؟**
جی نہیں، آپ جیسے اپنی اپائنٹمنٹس بُک کرتے ہیں اس میں تبدیل نہیں دیکھیں گے۔ ہماری تمام GP پریکٹسس کی طرح، جب آپ اپائنٹمنٹ کے لیے کال کرتے ہیں، تو آپ سے فون پر آپ کے مسئلے کے بارے میں پوچھا جائے گا، اور پھر تربیت یافتہ استقبال کنندگان/کیئر نیویگیٹرز آپ کے لیے بہترین آپشن کا مشورہ دیں گے، بشمول اس کے کہ آیا آپ کو انفرادی نوعیت کے معائنے کی ضرورت ہے۔

**جمعہ 3 مئی سے پہلے سابقہ GPs کی جانب سے کیے گئے کسی بھی ریفرلز کا کیا ہو گا؟**

NHS
Staffordshire and Stoke-on-Trent
Integrated Care Board

آپ کو کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس تبدیلی سے پہلے پریکٹس کی جانب سے کیے گئے تمام ریفرلز (بشمول ہسپتال پر موجود ماہرین کو یا تفتیش یا اسکینز کے لیے کیے جانے والے ریفرلز) کی عمل کاری حسب معمول جاری رہے گی۔

**میں اپنے نسخے ایک مخصوص فارمیسی سے حاصل کرتا تھا/کرتی تھی۔ کیا یہ فارمیسی وہی رہے گی؟**

اگر آپ کے نسخے برقی طور پر سرجری سے آپ کی فارمیسی بھیجے جاتے ہیں، تو جی ہاں۔

**نئے مقامات کہاں ہیں اور میں وہاں کیسے جاؤں؟**

اپائنٹمنٹس اب ان دو مقامات میں سے کسی ایک پر ہوں گی:

**Outwoods House, Belvedere Road, Burton-on-Trent DE13 0QL** (دائیں جانب Amber Wood Care Home سے ذرا پہلے۔ براہ کرم 'گورڈون اسٹریٹ سرجری' کے لیے اشاروں پر عمل کریں۔ پریکٹس کی عمارت کے نزدیک کار پارکنگ دستیاب ہے اور ایک بس اسٹاپ بھی موجود ہے)

یا

**Hill Street Health and Wellbeing Centre, Hill Street, Burton-on-Trent DE15 9LD** (پارکنگ دستیاب ہے)

**اگر مجھے انفرادی نوعیت کی اپائنٹمنٹ کے لیے آؤٹ ووڈز ہاؤس جانے کا کہا جائے تو کیا مجھے پارکنگ کے لیے ادائیگی کرنے کی ضرورت ہو گی؟**

گورڈون اسٹریٹ سرجری سے رجسٹرڈ مریضوں کی پارکنگ کا خرچ اٹھایا جاتا ہے۔ اپنی پارکنگ فیس کا خرچ اٹھائے جانے کے لیے پریکٹس پر موجود اسٹاف آپ کو بتائے گا کہ آپ کو کیا کرنے کی ضرورت ہے۔ براہ کرم آؤٹ ووڈز ہاؤس کی عمارت میں داخل ہونے سے پہلے پارکنگ کی دائیگی **نہ** کریں۔

**میں بس کے ذریعے نئے مقام/مقامات پر کیسے جا سکتا/سکتی ہوں؟**

آپ سٹیفورڈ شائر کاؤنٹی کونسل کی ویب سائٹ پر بس کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں:
www.staffordshire.gov.uk/Transport/Buses/Plan-your-journey/Burton-and-Uttoxeter.aspx

**میں ویل چیئر استعمال کرتا/کرتی ہوں یا مجھے دیگر حرکت پذیری کے مسائل ہیں۔ مجھے کیا کرنا چاہیئے؟**

اگر آپ ویل چیئر کے استعمال کنندہ ہیں یا آپ کو نقل پذیری کے مسائل ہیں، تو براہ کرم جب کال کریں تو استقبال کنندہ/کیئر نیویگیٹر کو اس بارے میں بتائیں۔

**پچھلا معاہدہ کیوں ختم ہوا ہے؟**

گورڈون اسٹریٹ سرجری کا 2023 میں معائنہ کیا گیا تھا اور ناقص قرار دیا گیا تھا اور نگہداشت کے معیار کے کمیشن (CQC) نے اسے خصوصی نگرانی کے زمرہ جات میں شامل کر لیا گیا تھا۔ سابقہ کنٹریکٹ ہولڈرز خاطر خواہ بہتری ظاہر کرنے میں ناکام رہے۔ آپ www.cqc.org.uk/location/1-551326240 پر CQC کے تمام معائنوں کے متعلق مزید جان سکتے ہیں

**مربوط نگہداشت بورڈ (ICB) مریضوں کے ساتھ مشغول کیوں نہیں ہوا؟**

ICB کو پریکٹس کے لیے نئے فراہم کنندہ اور فوری طور پر نئے مقامات حاصل کرنے کی ضرورت تھی۔ ایسا گورڈون اسٹریٹ سرجری کے مریضوں کو GP خدمات کی فراہمی کے تسلسل کو یقینی بنانے کے لیے کیا گیا۔

فروری اور اپریل میں، پریکٹس کے لیے رجسٹرڈ تمام مریضوں کو گورڈون اسٹریٹ سرجری کی صورت حال کے متعلق خطوط موصول ہوئے۔ اس موقع پر مریضوں کے ساتھ مشغول ہونے سے عمل کاری تاخیر کا شکار ہو جاتی اور نگہداشت میں وقفے کا باعث بنتی جو کہ قابل قبول نہیں ہے۔

پریکٹس کے لیے طویل مدتی حل تیار کرنے میں آپ کو مریضوں کے طور پر شامل کرنا اہم ہے اور ICB جتنا جلدی ممکن ہوا مریضوں سے ان کے تجربات اور رائے کے لیے رابطہ کرے گا۔

Staffordshire and Stoke-on-Trent
Integrated Care Board

## نگہداشت کے معیار کا کمیشن (CQC) کیا ہے؟

CQC ایک آزاد تنظیم ہے جو برطانیہ میں موجود تمام صحت اور سماجی نگہداشت کی خدمات کی نگرانی اور معائنہ کرتا ہے اور اپنی تحقیقات کے حوالے سے رپورٹس شائع کرتا ہے۔ تمام صحت اور سماجی نگہداشت کی خدمات کو CQC کے ساتھ رجسٹرڈ ہونا درکار ہے۔

## سٹیفورڈ شائر اور اسٹاک-آن-ٹرینٹ مربوط نگہداشت بورڈ (ICB) کیا ہے؟

ICB، NHS کے بجٹ کی نظم کاری اور سٹیفورڈ شائر اور اسٹاک-آن-ٹرینٹ میں صحت کی خدمات کو منظم کرنے کے لیے ذمہ دار ہے جس میں GP خدمات کی کمیشننگ شامل ہے۔

## آگے کیا ہو گا؟

ICB گورڈون اسٹریٹ سرجری کے لیے طویل مدتی حل تلاش کرنے کی کوشش کرے گا۔ آپ کو، بطور مریض، اپنی رائے شیئر کرنے کا موقع دیا جائے گا، اور ICB آپ کو اگلے اقدامات کے بارے میں بتانے کے لیے دوبارہ لکھے گا۔

## اگر میرے کوئی سوالات ہیں، تو میں وہ کہاں اٹھا سکتا/سکتی ہوں؟

اگر آپ کو اس دستاویز میں اپنے سوال کا جواب نہیں ملتا، تو براہ کرم مشورہ اور رابطہ برائے مریض کی سروس (PALS) سے رابطہ کریں۔ آپ 0808 196 8861 پر مفت کال یا patientservices@staffsstoke.icb.nhs.uk پر ای میل کر سکتے ہیں۔ PALS پیر سے جمعہ صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک کُھلا ہوتا ہے (بینک کی چھٹیوں کے علاوہ)۔